تخریج شدہ

مسائل و آداب اور سبق آموز واقعات کا لاجواب مجموعہ

جنتی زیور



تالیف: شیخ الحدیث حضرت علامہ عبد المصطفیٰ اعظمی رحمۃ اللہ علیہ

اس کتاب میں آپ پڑھیں گے

- اسلام میں عورت کا مرتبہ و مقام
- ساس بہو کے جھگڑے اور ان کا حل
- اولاد کی پرورش کا طریقہ
- مرید کو کس طرح رہنا چاہیے
- قرآن پاک کی سورتوں کے خواص
- روزی میں برکت کے وظائف
- امہات المؤمنین رضی اللہ عنہن اور دیگر صالحات کا تذکرہ
- نماز، وضو، غسل، روزہ، زکوٰۃ اور حج کے مسائل

المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

مدنی چینل دیکھتے رہیے

مکتبۃ المدینہ (دعوتِ اسلامی)
SC1286

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلی الک واصحابک یا حبیب اللہ

نام کتاب : جنتی زیور

مصنف : علامہ عبدالمصطفی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ

پیش کش : مجلس المدینۃ العلمیۃ (شعبہ تخریج)

تاریخِ اشاعت: ربیع الآخر ۱۴۲۷ھ، مئی 2006ء

تاریخِ اشاعت: جمادی الاخریٰ ۱۴۳۰ھ، جون 2009ء تعداد: 2000 (دوہزار)

تاریخِ اشاعت: ذی الحجہ ۱۴۳۱ھ، نومبر 2010ء تعداد: 3000 (تین ہزار)

تاریخِ اشاعت: جمادی الاخریٰ ۱۴۳۲ھ، مئی 2011ء تعداد: 10000 (دس ہزار)

تاریخِ اشاعت: جمادی الاخریٰ ۱۴۳۴ھ، اپریل 2013ء تعداد: 10000 (دس ہزار)

تاریخِ اشاعت: شوال المکرم ۱۴۳۴ھ، اگست 2013ء تعداد: 10000 (دس ہزار)

تاریخِ اشاعت: شعبان المعظم ۱۴۳۵ھ، جون 2014ء تعداد: 10000 (دس ہزار)

ناشر : مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی

مکتبۃ المدینہ کی شاخیں

❁...... کراچی : شہید مسجد، کھارادر، باب المدینہ کراچی فون: 021-32203311

❁...... لاہور : داتا دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ فون: 042-37311679

❁...... سردار آباد : (فیصل آباد) امین پور بازار فون: 041-2632625

❁...... کشمیر : چوک شہیداں، میر پور فون: 058274-37212

❁...... حیدر آباد : فیضانِ مدینہ، آفندی ٹاؤن فون: 022-2620122

E.mail: ilmia@dawateislami.net

﴿۱۴﴾ جو شخص یہ کہہ دے کہ میں شریعت کو نہیں مانتا

(فتاوی رضویه(جدید)،ج ١٤،ص ٦٩١)

یا شریعت کا کوئی حکم یا فتویٰ سن کر یہ کہہ دے کہ یہ سب ہوائی باتیں ہیں۔ یا یہ کہہ دے کہ شریعت کے حکم اور فتویٰ کو چولھے بھاڑ میں ڈال دو یا کہہ دے کہ میں شرع ورع کو نہیں جانتا

(مجمع الانہر، کتاب السیر والجهاد،باب ثم ان الفاظ الکفرانواع،ج ٢،ص ٥١٠)

یا یہ کہہ دے کہ ہم شریعت پر عمل نہیں کریں گے ہم تو برادری کی رسموں کی پابندی کریں گے۔

(الفتاوی الهندیة، کتاب السیر،الباب التاسع فی أحکام المرتدین،ج ٢،ص ٢٧٢)

یا یہ کہہ دے کہ بسم اللہ اور سبحان اللہ روٹی کی جگہ کام نہ دے گا۔ ہمیں روٹی چاہیے بسم اللہ اور سبحان اللہ نہیں چاہیے تو وہ شخص کافر ہو جائے گا۔

﴿۱۵﴾ شراب پیتے وقت یا زنا کرتے وقت یا جوا کھیلتے وقت ''بسم اللہ'' کہنا کفر ہے۔

(الفتاوی الهندیة، کتاب السیر، الباب التاسع فی احکام المرتدین مطلب موجبات الکفر انواع،ج ٢،ص ٢٧٣)

﴿۱۶﴾ مسلمان کو مسلمان جاننا اور کافر کو کافر جاننا ضروریات دین میں سے ہے۔ کسی مسلمان کو کافر کہنا یا کسی کافر کو مسلمان کہنا کفر ہے۔

﴿۱۷﴾ جو کسی کافر کے لئے اس کے مرنے کے بعد مغفرت کی دعا مانگے یا کسی مردہ کافر و مرتد کو مرحوم و مغفور کہے یا کسی مردہ ہندو کو ''بیکنٹھ باشی'' کہے وہ خود کافر ہے۔

﴿۱۸﴾ خدا کی حرام کی ہوئی چیزوں کو حلال کہنا یا خدا کی حلال کی ہوئی چیزوں کو حرام کہنا۔

(الفتاوی الهندیة ، کتاب السیر ، الباب التاسع فی احکام المرتدین مطلب موجبات الکفر انواع،ج ٢،ص ٢٧٢)

یا خدا کی فرض کی ہوئی چیزوں میں سے کسی چیز کا انکار کرنا یہ سب کفر ہیں۔